आसमान महल

آسمان محل

ادا کاران
پرتھوی راج ۔ نانا پلوسکر
انور حسین ۔ سُریکھا

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۱

آسمان محل فلم کے گانے

تو نے سمجھی ہی نہیں کیا ہے حقیقت میری
اتنی آسان نہیں اے دوست محبت میری
جام و مینا کے سوا اور بھی پیمانے ہیں
درد دل درد محبت بھی تو پیمانے ہیں
تو نہ سمجھا ہے نہ سمجھے گا شکایت میری
خواب دولت کے
غریبی کو دکھانے والے
آسمانوں پہ محل اپنا بنانے والے
اس کھلونوں سے نہ
بہلے گی طبیعت میری
سونے چاندی کی تمنا ہے نہ ریشم کی ندش
خاک ہے خاک یہ دولت کا سنہرا آکاش
کانپتے ہونٹوں پہ اک
حرف وفا کی خوشبو
تیری آنکھوں ہی میں آباد ہے جنت میری
اک دھڑکتا ہوا دل ایک چمکتا آنسو
یہی موتی یہی ہیرے یہی دولت میری

گانا نمبر۲: خوبصورت ہے تیری طرح شکایت تیری
اس شکایت سے جھلکتی ہے محبت تیری
پیاس لے آئی ہے ساقی تیرے میخانے میں
ڈھال دی حسن کی مے
روح کے پیمانے میں
دل کے شیشے میں اُتر آئی ہے صورت تیری
تجھ کو یوں دیکھا ہے
جس طرح چمن کو دیکھیں
تجھ کو یوں پوجا ہے جس طرح صنم کو پوجیں
کی ہے ان آنکھوں نے
دن رات عبادت تیری
دل وہ جنت ہے کہ محلوں
کے عوض دوں بھی نہیں
دامنِ عشق میں لعل اور گہر کچھ بھی نہیں
درد دولت ہے میری
درد ہی دولت تیری
مل کے ہم سارے زمانے کو بدل سکتے ہیں
جیسے پھولوں پہ چلیں
آگ پہ چل سکتے ہیں
شرط بس یہ ہے کہ
مل جائے رفاقت تیری

گانا نمبر ۳:۔ لڑکا:۔ میں شرابی ہوں
لاؤ پلاؤ میں شرابی ہوں
خوب چھلکاؤ میں شرابی ہوں

طوالف:۔ ہزاروں خواہشیں ایسی
کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے
نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر
تیرے کوچے سے ہم نکلے

لڑکا:۔ رقص رہے ہیں شراب کے پیالے
جھوم شرابی رہے ہیں متوالے
تم ٹھہرے آئے روکنے والے
دور ہٹ جاؤ میں شرابی ہوں

طوالف:۔ پی کے ہم تم جو چلے
جھوم کے میخانے سے
جھک کے کچھ بات کہی
شیشے نے پیمانے سے

گانا نمبر لڑکا:۔ میں آہیں بھر نہیں سکتا
کہ نغمے گا نہیں سکتا
سکوں لیکن میرے دل کو
میسر آ نہیں سکتا

لڑکی: میں اسکو پوجتی ہوتی اور اس کو پا نہیں سکتی
لڑکا: میں اسکو چاہتا ہوں اور اس تک جا نہیں سکتا
لڑکی: جہاں وہ پہنچ رکھی ہیں حرم کے پاسبانوں نے
لڑکا: کہیں مجرم نے پیغام بھی پہنچا نہیں سکتا
لڑکی: یہ مجبوری سی مجبوری یہ لاچاری سی لاچاری
لڑکا: کہ اسکے گیت بھی جی کھول کر میں گا نہیں سکتا
نہ آندھی ہی روک سکتی ہے نہ طوفاں روک سکتے ہیں
مگر پھر بھی میں اس قصر حسیں تک جا نہیں سکتا
لڑکی: زباں پر بے خودی میں نام اس کا آ ہی جاتا ہے
لڑکا: اگر پوچھے کوئی وہ کون ہے، بتلا نہیں سکتا
گانا نمبر ۵: کون اچھا یہاں ہے کون خراب
خون پیتا ہے کوئی کوئی شراب
دیکھا جائے گا جب بھی ہوگا حساب
قسمیں نہ کھلواؤ میں شرابی ہوں
گانا نمبر ۶: طوائف: اے رات ذرا آہستہ گذر
آہستہ گذر۔ آہستہ گذر
جنبش نہیں باقی ہاتھوں میں۔ آنکھوں میں مگر دم باقی ہے
یہ جام ہے یہ پیمانہ ہے۔ یہ مینا ہے یہ ساقی ہے
دل پیاسا ہے پیاسی ہے نظر۔ اے رات...
درویش: تن تنا تن تنا تن: تن تنا نا ہا یا ہو
موت کی بجتی ہے جھانجھن: تنتنا نا ہا یا ہو

ہر طرف ہو کا ہے عالم تنا نا ہا یا ہو
اللہ ہو۔ اللہ ہو۔ اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو
طوائف: سب ڈوب چکا ہے میخانہ۔ اور رات ابھی بھیگی بھی نہیں
خالی ہوئے سارے جام دیکھو جی بھر کے ابھی تو پی بھی نہیں
اس درد کو لیکر جائیں کدھر۔ اے رات ذرا آہستہ گذر
درویش: کتنا جھوٹا ہے یہ دولت کا حکومت کا غرور
نام کا نسل کا عزت کا شرافت کا غرور
سب کی جھک جاتی ہے گردن تنا نا ہا یا ہو
اللہ ہو...
طوائف: کیا رنگ رنگیلی دنیا ہے
اک اور گناہ کریں تو چلیں
بکھرے ہوئے لاکھوں جلوے ہیں
دامن کو ذرا بھر لے تو چلیں
راہوں کی نہ منزل کی ہے خبر
اے رات ذرا آہستہ گذر
درویش: ختم ہو جاتے ہیں سب عیش تماشوں کی طرح
سب محل خاک میں مل جاتے ہیں لاشوں کی طرح
سونا رہ جاتا ہے آنگن تنا نا ہا یا ہو
اللہ ہو...
تمام شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے نئے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات مع پتہ اور فوٹو کے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱/۰/۔ بمعہ ڈاک خرچ

اصلی پرانا کوک شاستر با تصویر

یہ کتاب بہترین ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کے لئے اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں تمام قسم کے آدمیوں کی پہچان بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا یا لڑکی پیدا ہونے کی ترکیب معلوم کر سکتے ہیں۔ کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام ہوتا ہے۔ اس کی تصاویر۔ اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا اصول کے خلاف ہے۔ آج ہی منگا لیجئے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑیگا

قیمت صرف ۴/۱/۔ بمعہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عملیات تسخیر قلوب اس کتاب میں بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کر کے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے گرہستی زندگی کو پُر مسرت بنانا بالکل سہل ہوگا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آ گئے ہوں وہ اس کتاب کو پڑھیں اور دیکھیں کہ اُن کی روٹھی ہوئی بیویاں اور پرواہ نہ کرنے والے دل کس طرح خود بخود اُنکی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- عہ محصول ڈاک خرچ

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب براری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی، خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آ گئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر عمل کر کے کامیابی حاصل کر لیجئے۔ اب تک اس کتاب کی لاکھوں کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزارہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۱/- عہ محصول ڈاک خرچ

عملیات تسخیر عالم اس سلسلے کی یہ لاثانی کتاب ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آ سکتی۔ بالاصل سفلی تیروں اور بد عمل عاملوں کے مسدی اور اسراری عملیات بلا بخل اس کتاب میں جمع کر دیئے ہیں۔ قیمت ۳/۸/- عہ ڈاک خرچ

ن ایجنٹ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی